جب سے میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کی موت کی سختی دیکھی ہے، تب سے میں آسان موت کی وجہ سے کسی پر رشک نہیں کرتی

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں: "جب سے میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کی موت کی سختی دیکھی ہے، تب سے میں آسان موت کی وجہ سے کسی پر رشک نہیں کرتی"
[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ جب سے انہوں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو موت کے وقت درپیش سختی کا منظر دیکھا ہے، تب سے کسی کی آسان موت پر خوش نہیں ہوتیں اور آسان موت نصیب ہونے کی تمنا بھی نہیں کرتیں کیونکہ وہ جان چکی تھیں کہ نے تو موت کی سختی مرنے والے کے برے انجام کی دلیل ہے اور نے آسان موت کوئی عزت افزائی کی بات ہے اگر سچ مچ ایسا ہوتا، تو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو آسان سے آسان تر موت نصیب ہوتی یہی وجہ ہے کہ نے وہ موت کی سختی کو ناپسند کرتی تھیں اور نے کسی کی آسان موت پر خوش ہوتی تھیں

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10979